© rasailojaraid.com



ادارہ

# تعارف وتبصرہ کتب

● حیاۃ الصحابہؓ.......................حضرت مولانا محمد یوسف کاندھلویؒ

صحابہ کرامؓ وہ عظیم شخصیات ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنے مقرب اور آخری نبی سرور کائنات حضرت محمد ﷺ کی مصاحبت کیلئے چنا۔واذا قیل لھم امنوا کما امن الناس کہہ کر اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرامؓ کو حق کا معیار قرار دیا ہے۔حضور اقدس ﷺ کا فرمان ہے کہ اصحابی کالنجوم بایھم اقتدیتم اھتدیتم میرے صحابہ کی مثال ستاروں جیسی ہے ان میں سے جس کی بھی اتباع کی جائے ہدایت تک پہنچ جاؤ گے۔صحابہ کرام حضور ﷺ کے اوصاف عالیہ اور کمالات کے آئینہ دار تھے' ان کے اوصاف وکمالات کا تذکرہ قرآن پاک میں ایک دو نہیں بلکہ دسیوں مقامات پر کیا گیا ہے۔سورۃ الفتح کے آخری آیت میں فرمایا کہ'' کافروں پر زور آور ہیں' آپس میں نرم دل' تو دیکھے ان کو تو رکوع اور سجدے میں (مشغول رہتے ہیں) اللہ تعالیٰ کا فضل اور خوشی ڈھونڈتے رہتے ہیں۔ان کے چہروں پر سجدوں کی نشانی ملاحظہ ہوگی۔'' قرآن پاک میں ان کے رشد وہدایت پر خدائی مہر لگائی گئی ہے۔اولئک ھم الراشدون۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنی رضامندی کے سرٹیفیکٹ سے بھی لقد رضی اللہ عن المومنین اور رضی اللہ عنھم ورضوا عنہ کہہ کر نوازا۔ایمانی حرارت کو تیز کرنے کیلئے صحابہ کرام کی سیرت وتاریخ جلتی پر تیل کا کام دیتی ہے۔اقصائے عالم تک ایمان کی دعوت پہنچانے کے لئے صحابہ کرام نے مکہ اور مدینہ کی بہترین سرزمین کو چھوڑنا گوارا کیا اور اس راہ میں تن من دھن اور' جان تک کی بازیاں لگائیں۔حضرت مولانا محمد الیاس قدس سرہ بانی تبلیغی جماعت نے اسی جماعت کے احوال واقعات کو اپنی مجالس میں بیان کرنا حرزِ جاں بنائے رکھا۔خود بھی سنتے اور دوسروں کو بھی سنوانے کی تلقین فرماتے۔بقول مولانا احسان الحق (مترجم اردو کتاب ہذا) مولانا الیاس صاحب چاہتے تھے کہ حضرات صحابہ کرام کی سیرت کو دعوت کے طرز پر پیش کیا جائے اور اس کام کے لئے آپ نے اپنے عظیم لائق فرزند مولانا محمد یوسف کا انتخاب کیا اور'' امانی الاحبار'' کا کام رکوا کر یہ کتاب جمع کرنے کا کام سپرد فرمایا جو کہ آج پوری دنیا کے مختلف زبانوں میں'' حیاۃ الصحابہ'' کے نام سے پڑھا پڑھایا جارہا ہے۔کتاب (تین ضخیم جلدوں) میں صحابہ کے احوال وواقعات خاص کر دعوتی اور تربیتی پہلوؤں کو اجاگر کر کے سوز ایمان کو جگانے کی بھرپور کوشش کی گئی ہے۔بقول حضرت مولانا ابوالحسن علی ندویؒ یہ ایک ایسا دائرۃ المعارف (انسائیکلوپیڈیا) ہے جو اس زمانے کی تصویر سامنے رکھ دیتی ہے جس میں صحابہ کرامؓ کی زندگی اور ان کے اخلاق وحقائق کے تمام پہلو' باریکیوں

© rasailojaraid.com